اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# کورس کے لیے آنے والی اسلامی بہنوں کی تربیت کے مدنی پھول

﴿1﴾ موبائل وغیرہ کے ذریعے مووی بنانے اور بیانات وغیرہ ریکارڈ کرنے کی ترکیب نہ بنائی جائے۔ بلاضرورت موبائل کا استعمال نہ کیا جائے۔ البتہ صبح حلقوں کے بعد 26 منٹ اور دوپہر 2:00 سے 2:26 تک موبائل فون کا صرف ضروری استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ قطعاً استعمال نہ کیا جائے۔

﴿2﴾ ناظمہ کی اجازت کے بغیر از خود کچھ بھی تقسیم کرنے کی ترکیب نہ بنائی جائے۔

﴿3﴾ ذاتی معاملات سے متعلق گفتگو سے پرہیز کیا جائے۔

﴿4﴾ اپنی عام استعمال کی اشیاء جیسے صابن، کنگھی، قلم وغیرہ کے لیے کلی اختیار (مباح) دے دیئے جائیں تاکہ دوسرے بھی استعمال کرسکیں۔ (اسلامی بہنوں سے ہاتھ اُٹھوا کر ترکیب بنائی جائے)

﴿5﴾ معلّمہ سے امتحاناً سوال کرنے سے بچا جائے۔ بحث اور فضول گفتگو سے بچنے کے لیے مضبوط قفلِ مدینہ لگایا جائے۔ اپنی حلقہ ذمہ دار اور درجہ ذمہ دار کو اس کی تحریری کارکردگی بھی دی جائے۔

﴿6﴾ کتب اور مقدس اوراق کا ادب ملحوظ رکھا جائے۔

﴿7﴾ اسلامی بہنوں کو کپڑے دھونے کی اجازت نہیں ہے۔

**مدنی پھول**: کورس میں آنے والی اسلامی بہنوں کو راہِ خدا میں سفر کے فضائل، حلقہ ذمہ دار، درجہ ذمہ دار اور معلمات کی اطاعت اور صبر کرنے کا ذہن دیا جائے۔